
© rasailojaraid.com

مل کر کام کرنا "مکالمۂ زندگی" ہے۔
خطّے میں اشاعتِ مسیحیت کے عمل پر تبصرہ کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ کلیسیاء کی اقلیتی حیثیت اور ثقافتی ماحول سے بعض اوقات بین المذاہب مکالمہ مشکل ہو جاتا ہے، تاہم خطّے میں مسیحیوں کی "مختصر سی جماعت" اِس پوزیشن میں ہے کہ اِن تمام ممالک میں انجیل کا پیغام عام کرے۔

## متفرّق

## بائبل کا نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن

آکسفورڈ یونیورسٹی پریس (لندن) کے شعبۂ انگریزی کے تحت بائبل کا نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن شائع کیا جا رہا ہے۔ لندن سے شائع ہونے والے ایک اخبار "المسلمون" کے مطابق بائبل میں اِس نظرِ ثانی کا محرک خواتین کی وہ تحریکیں ہیں جو مرد و زن کے مساوی حقوق کا دعویٰ کرتی ہیں۔
اِس نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن میں لفظ Lorls صرف صیغۂ مذکر میں استعمال نہیں ہوگا، بلکہ "باپ" اور "ماں" دونوں پر اِس کا اطلاق ہوگا۔ بائبل میں جہاں لفظ "باپ" کا لفظ ہے، وہاں "باپ" اور "ماں" کے الفاظ ہوں گے۔ نظرِ ثانی کا یہ عمل اِس پر بس نہیں کرتا بلکہ "کالے افراد" کے لیے بھی کچھ نئے الفاظ وضع کیے گئے ہیں۔ مثلاً darkness (تاریکی) کی اصطلاح عام طور پر شیطانی اعمال کی نشاندہی کرتی ہے، لہٰذا امریکی کالوں کے جذبات کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کی جگہ دوسرے الفاظ استعمال کیے جائیں گے۔ کہا جاتا ہے کہ یہودیوں کے سلسلے میں بھی بعض تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ (ماہنامہ "اردو بک ریویو"، دہلی - دسمبر ۱۹۹۵ء، جنوری - ۱۹۹۶ء)





© rasailojaraid.com